RNI NO. APURD/2009/30780

Dine Hill
The Best Multicuisine Restaurant In Hyderabad
Indo-Arab Restaurant
Grill Chicken
Texas Chicken
Arabic Tandoori
Khabsa
Laham Mandhi
Indian the Authentic
Chinese Across the Wall
Tandoori From Coal
Arabic Our Speciality
For Catering - 9290679696
Your Valued Order Just A Call Away
Garden Tower, Tring Tring : 64506485-65679221
At One Downing Street, Masab Tank, Road No. 1, ☎ :64609221

روزنامہ
بے زبانوں کی زبان
# صدائے حسینی
حیدرآباد
Sada-E-Hussaini
URDU DAILY




Rs .1 (with SM Rs 5 ) E-mail : sadaehussaini@gmail.com Sunday 12-04-2026 اتوار 1447ھ 23شوال المکرم 2026 12/اپریل (8) صفحات (103) شمارہ (18) جلد قیمت : 1

# ابنائے ہرمز سے لبنان تک ایران نے اسلام آباد میں رکھی شرطیں

## خصوصی پرواز 'مناب 168' کے نام سے اسلام آباد پہنچی

## اگر ہمارا سامنا اسرائیل فرسٹ کے نمائندوں سے ہوا تو کوئی معاہدہ نہیں ہوگا: ایرانی نائب صدر

اسلام آباد/تہران۔ 11/اپریل (ایجنسی) پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں جاری ایک اہم سفارتی بحث کے درمیان ایرانی وفد نے اپنے اہم مطالبات وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کئے ہیں۔ یہ شرائط امریکہ-ایران امن مذاکرات کے لئے انتہائی اہم سمجھی جاتی ہیں اور مزید مذاکرات کا انحصار انہی پر ہوگا۔ ایرانی وفد نے واضح طور پر چار بڑے مطالبات پیش کئے۔

**پہلا مطالبہ:** ایران کے منجمد اثاثے (فریز کی ہوئی جائیداد) کو فوری طور پر ریلیز کیا جائے۔

**دوسرا مطالبہ:** لبنان میں فوری جنگ بندی نافذ کی جائے۔

**تیسرا مطالبہ:** ابنائے ہرمز سے روزانہ صرف 15 جہازوں کے گزرنے کی حد مقرر کی جائے اور ٹرانزٹ فیس بھی عائد کی جائے۔

**چوتھا مطالبہ:** خلیجی ممالک سے امریکی فوجیوں کا انخلا یقینی بنایا جائے۔

اس درمیان ایک سینئر ایرانی ذرائع نے دعوی کیا ہے کہ امریکہ نے قطر اور دیگر غیر ملکی بینکوں میں پھنسے ایرانی اثاثوں کو جاری کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ اسے معاہدے کے بارے میں واشنگٹن کی سنجیدگی کی علامت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ امریکی وفد میں نائب صدر جے ڈی وینس، خصوصی ایلچی اسٹیووٹ کاف اور ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر شامل ہیں۔ امریکی طیارہ ہفتہ کی صبح اسلام آباد پہنچا اور دونوں فریقین کے درمیان بات چیت جاری ہے۔ ایران کی سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل کے مطابق، مذاکرات کے لئے 15 دنوں کی ڈیڈ لائن طے کی گئی ہے۔ اگلے 48 گھنٹے بے حد اہم مانے جا رہے ہیں، جو طے کریں گے کہ جنگ بندی مستقل امن میں تبدیل ہوگا یا پھر کشیدگی میں دوبارہ اضافہ ہوگا۔ ایرانی وفد کو پاکستان کی ہوائی سرحد میں داخلہ کے دوران اے ڈبلیو اے سی ایس، الیکٹرانک جنگی طیاروں اور لڑاکا طیاروں نے پاکستانی فضائی حدود میں داخل ہوتے ہی سیکورٹی دی گئی۔ اسلام آباد اور راولپنڈی میں بھی سیکورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے تھے۔ دریں اثناء ایران کے نائب صدر محمد رضا عارف نے کہا ہے کہ وہ ایران امریکی مذاکرات میں ایرانی اسپیکر باقر غالب کی کامیابی کے لیے دعا گو ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا کہ جس طرح ہم جنگ کے دوران فوج کے ساتھ کھڑے تھے، آج ہم مذاکراتی ٹیم کے پیچھے کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذاکراتی ٹیم کو مکمل اختیار کے ساتھ ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیئے، جنگ میں شامل ایرانی جنگجوؤں کی طرح ہم مذاکرات میں شامل مذاکرات کاروں کی حامی ہیں۔ نائب صدر نے کہا کہ اگر ہم اسلام آباد میں امریکا فرسٹ کے نمائندوں کے ساتھ مذاکرات کریں تو دونوں فریقوں اور دنیا کے لیے فائدہ مند معاہدہ ممکن ہے، اگر ہمارا سامنا اسرائیل فرسٹ کے نمائندوں سے ہوا تو کوئی معاہدہ نہیں ہوگا، ہم لازما پہلے سے بھی زیادہ بھرپور طریقے سے اپنا دفاع جاری رکھیں گے۔ واضح رہے کہ امریکہ کے ساتھ امن مذاکرات کے لئے ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کی قیادت میں ایرانی وفد ایک علامتی اور دل دہلا دینے والا پیغام لے کر امن بات چیت کے لئے پاکستان پہنچا۔ وفد اپنے ساتھ خون میں لت پت اسکول بیاگس، جوتے، سفید پھول اور میناآب حملے میں جاں بحق ہونے والے بچوں کی تصاویر بھی لایا، جو جنگ کی ہولناکی کو ظاہر کرتے ہیں۔ اسلام آباد پہنچنے والی پرواز میں ان اشیا کو سامنے رکھا گیا تھا، جس کی تصویر قالیباف نے سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے لکھا: میرے طیارے میں 168 میناآب ساتھی موجود ہیں۔ ان تصاویر میں کمسن بچوں کے بیگز اور جوتے شامل ہیں، جو دنیا کو جنگ کے انسانی نقصان کی یاد دلاتے ہیں۔ ایرانی وفد نے اپنے مشن کو میناآب 168 کا نام دیا ہے، جوان 168 معصوم بچوں کی یاد میں رکھا گیا ہے جو مبینہ طور پر ابتدائی حملوں میں مارے گئے۔ اس اقدام کا مقصد امن مذاکرات کے دوران عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنا اور جنگ کے خاتمے کی اپیل کرنا ہے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب مبینہ طور پر امریکہ اور اسرائیل کی کارروائی میں میناآب کے ایک اسکول کو نشانہ بنایا گیا، جس میں بڑی تعداد میں بچے جاں بحق ہوئے، اور اس سانحہ نے عالمی سطح پر شدید ردعمل کو جنم دیا۔ واضح رہے کہ پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں جاری ایک اہم سفارتی بحث کے درمیان ایرانی وفد نے اپنے اہم مطالبات وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کئے ہیں۔



## آبنائے ہرمز؛ امریکہ واسرائیل کی مسلسل ذلت کا مرکز



سید جعفر حسین ایڈیٹر صدائے حسینی

مشرقِ وسطیٰ کی حالیہ کشیدگی نے ایک حقیقت کو پوری دنیا کے سامنے عیاں کر دیا ہے کہ جنگ اب صرف میزائل، ایٹمی پروگرام یا عسکری طاقت تک محدود نہیں رہی، بلکہ جغرافیہ خود ایک ہتھیار بن چکا ہے۔ اور اس وقت اس ہتھیار کا نام ہے: آبنائے ہرمز۔ آبنائے ہرمز، جہاں سے دنیا کی تقریباً 20 فیصد تیل کی ترسیل گزرتی ہے، عالمی معیشت کی شہ رگ سمجھی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس تنگ سمندری راستے پر کنٹرول محض ایک علاقائی مسئلہ نہیں بلکہ عالمی طاقتوں کے لیے زندگی اور موت کا سوال بن چکا ہے۔ حالیہ جنگ میں امریکہ اور اسرائیل نے ایران کو عسکری، معاشی اور سفارتی دباؤ میں لانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ مگر ایران نے ایک مختلف حکمتِ عملی اپنائی نہ مکمل جنگ، نہ مکمل امن، بلکہ کنٹرول شدہ دباؤ۔ اس حکمتِ عملی کا مرکز بنا آبنائے ہرمز، جہاں ایران نے ثابت کیا کہ اصل طاقت اس کے جغرافیے میں پوشیدہ ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق ایران نے اس گزرگاہ کو ایک ایسے اسٹریٹجک لیور میں تبدیل کر دیا ہے جس کے ذریعے وہ عالمی معیشت، تیل کی قیمتوں اور بین الاقوامی سیاست پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ چند حملوں یا صرف خطرے کے اشارے نے ہی عالمی شپنگ کو مفلوج کر دیا، انشورنس ریٹس بڑھ گئے اور بڑی طاقتیں خود کو بے بس محسوس کرنے لگیں۔ یہی وہ مقام ہے جہاں امریکہ اور اسرائیل کی مسلسل ناکامی نمایاں ہوتی ہے۔ جنگ کے میدان میں طاقت کا دعویٰ کرنے والی قوتیں، ایک تنگ سمندری راستے کو کھولنے کے لیے بھی مذاکرات، ثالثی اور عالمی دباؤ کی محتاج نظر آتی ہیں۔ حالیہ رپورٹس کے مطابق امریکہ کو نہ صرف جنگ بندی پر آمادہ ہونا پڑا بلکہ اس کی اولین ترجیح اب صرف ایک ہے: آبنائے ہرمز کو کھلوانا۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات اور امریکی اقدامات اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ اب نہ تو یورینیم کی افزودگی اصل مسئلہ رہی ہے، نہ میزائل پروگرام ہی بلکہ اصل جنگ آبنائے ہرمز پر کنٹرول کی ہے۔ امریکہ کی پوری توجہ اس بات پر مرکوز ہو چکی ہے کہ کسی طرح اس عالمی شاہراہ کو "آزاد" کرایا جائے، کیونکہ یہی وہ مقام ہے جہاں ایران نے اسے سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ دوسری جانب ایران نے یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ وہ روایتی جنگ میں الجھنے کے بجائے طویل المدتی دباؤ کی پالیسی پر عمل پیرا ہے جہاں دشمن کو فوری شکست نہیں بلکہ مسلسل تھکا کر کمزور کیا جاتا ہے۔ یہ صورتحال ایک بڑے عالمی سوال کو جنم دیتی ہے: کیا جدید جنگوں میں ایٹمی ہتھیاروں سے زیادہ خطرناک "جغرافیائی کنٹرول" بن چکا ہے؟ اگر جواب ہاں میں ہے، تو پھر یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ آبنائے ہرمز ایران کا وہ ہتھیار بن چکا ہے جو کسی بھی جوہری ہتھیار سے زیادہ مؤثر، زیادہ خاموش اور زیادہ تباہ کن ہے


## ووٹ ڈالنے اور انتخاب لڑنے کا حق بنیادی نہیں

### سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیا



نئی دہلی۔11/اپریل (ایجنسی) سپریم کورٹ نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ نہ تو ووٹ دینے کا اور نہ ہی انتخاب لڑنے کا حق بنیادی حق ہے۔ عدالت عظمیٰ نے کہا کہ یہ دونوں حقوق الگ الگ ہیں اور مکمل طور سے قانون کے تحت چلتے ہیں، نہ کہ آئین کے تحت بنیادی حقوق کے طور پر۔ جسٹس بی وی ناگرتھنا اور جسٹس مہادیون کی بنچ نے راجستھان کی ضلعی دودھ یونینوں کے انتخاب سے متعلق ایک تنازعہ کی سماعت کے دوران یہ تبصرہ کیا۔ یہ فیصلہ جسٹس مہادیون نے لکھا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ ووٹ دینے کا حق کسی فرد کو انتخاب کے عمل میں حصہ لینا کا موقع دیتا ہے، جبکہ انتخاب لڑنے کا حق ایک الگ اور اضافی اور حق ہے، جس پر اہلیت، نااہلی اور دیگر ادارہ جاتی شرائط نافذ کی جا سکتی ہیں۔ عدالت نے جیوتی بسو بمقابلہ دیوی گھوشال (1982) اور جاوید بمقابلہ ہریانہ ریاست (2003) جیسے پرانے فیصلوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ حق صرف قانون کے ذریعہ دیے گئے ہیں اور انہیں اسی حد تک نافذ کیا جا سکتا ہے جس کی قانون اجازت دیتا ہے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ راجستھان ہائی کورٹ نے ووٹ دینے اور انتخاب لڑنے کے حق کو یکساں مان کر غلطی کی۔ عدالت کے مطابق متعلقہ ضمنی قوانین صرف انتخاب لڑنے کی اہلیت طے کرتے ہیں اور وہ ووٹ ڈالنے کے حق کو متاثر نہیں کرتے۔ عدالت نے واضح کیا کہ ان ضمنی قوانین کا مقصد یہ طے کرنا ہے کہ کون شخص انتخاب لڑ سکتا ہے یا عہدے پر برقرار رہ سکتا ہے۔ انہیں نااہلی سے جوڑنا غلط ہے۔ سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا کہ ہائی کورٹ نے تمام متاثرہ فریق کو سنے بغیر ایک وسیع فیصلہ دے دیا، جو کہ فطری انصاف کے اصول تمام فریق کو سننے کے حق کی خلاف ورزی ہے۔ سپریم کورٹ نے ہائی کورٹ کے فیصلے کو کالعدم قرار دیتے ہوئے اپیل منظور کر لی۔ ساتھ ہی یہ بھی واضح کیا کہ کوآپریٹو ادارے اپنے ضمنی قوانین کے ذریعہ انتخابی عمل اور نمائندگی کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ یہ فیصلہ انتخابی حقوق کی قانونی نوعیت اور ان کے دائرے کو واضح کرنے والا اہم فیصلہ مانا جا رہا ہے۔

## مراٹھواڑہ میں زلزلے کے جھٹکے



ممبئی۔ 11/اپریل (ایجنسی) مہاراشٹر کے مراٹھواڑہ علاقے کے ہنگولی ضلع میں آج صبح 4.7 شدت کا زلزلہ آیا۔ زلزلے کے جھٹکے پڑوسی ناندیڑ اور پربھنی اضلاع میں محسوس کیے گئے۔ ہنگولی کے پانگرا شندے گاں میں کچھ مکانات اور کمیونٹی عمارتوں میں دراڑیں پڑ گئی ہیں حالانکہ اچھی بات یہ رہی کہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے۔ نیشنل سینٹر فار سیسمولوجی کے مطابق زلزلے کے جھٹکے ہفتے کی صبح 8 بج کر 45 منٹ پر محسوس کئے گئے۔ زلزلے کا مرکز ہنگولی ضلع کے وسمت تعلقہ کے شیرلی گاں میں زمین سے 10 کلومیٹر نیچے تھا۔ ہنگولی کے ضلع مجسٹریٹ راہل گپتا نے بتایا کہ پانگرا شندے گاں میں مکانات اور کمیونٹی عمارتوں میں دراڑیں پڑنے کی تصاویر موصول ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ٹیمیں صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے موقع پر پہنچ رہی ہیں۔ زلزلے کے جھٹکے ناندیڑ شہر، دیہی علاقوں، اردھاپور، ہدگاوں، حمایت نگر تعلقہ اور پربھنی ضلع کے کچھ حصوں میں بھی محسوس کیے گئے۔

## ایران سے 312 ہندوستانی ماہی گیروں کی واپسی

نئی دہلی۔11/اپریل (ایجنسی) وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے ہفتہ کے روز اعلان کیا کہ ایران سے 312 بھارتی ماہی گیروں کو بحفاظت آرمینیا کے راستے بھارت واپس منتقل کر دیا گیا ہے۔ جے شنکر نے اس محفوظ انخلا کو ممکن بنانے پر آرمینیا کے حکام کا شکریہ ادا کیا۔ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا، ایک اور 312 بھارتی ماہی گیر ایران سے آرمینیا کے راستے محفوظ طور پر بھارت پہنچائے گئے۔ میں آرمینیا حکومت اور اپنے دوست آرارات مرزویان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے یہ ممکن بنایا۔ اس سے قبل 4 اپریل کو مرکزی وزیر تجارت وصنعت پیوش گوئل نے ایران سے واپس آنے والے بھارتی ماہی گیروں کا چنئی میں استقبال کیا تھا، جو مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے دوران ایران میں پھنس گئے تھے اور انہیں آرمینیا کے راستے واپس لایا گیا تھا۔ صحافیوں سے بات کرتے ہوئے پیوش گوئل نے کہا کہ یہ دن ان ماہی گیروں کے خاندانوں کیلئے خوشی کا دن ہے

## اشتعال انگیز سوشل میڈیا پوسٹ کا الزام، مفتی گرفتار

سہارنپور۔11/اپریل (ایجنسی) اتر پردیش کے انسدادِ دہشت گردی دستے (اے ٹی ایس) نے سوشل میڈیا پر اشتعال انگیز اور قابلِ اعتراض مواد شیئر کرنے اور پاکستان میں کچھ افراد سے رابطے رکھنے کے الزام میں سہارنپور ضلع کے دیوبند علاقے سے ایک مفتی کو گرفتار کر لیا ہے۔ تحقیقات میں سامنے آیا ہے کہ ملزم سوشل میڈیا کے ذریعے شہریت ترمیمی قانون، قومی شہری رجسٹر، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن، ووٹر لسٹ کی خصوصی نظر ثانی، رام مندر فیصلے اور آئی لو محمد احتجاجوں کے دوران ہونے والی کارروائیوں کے خلاف لوگوں کو اکسانے والے پیغامات اور مواد شیئر کر رہا تھا۔

# ایران، امریکہ امن مذاکرات کا 5 گھنٹے تاخیر سے آغاز۔ تاریخی بات چیت



اسلام آباد۔11/اپریل (ایجنسی) دنیا بھر کی توجہ کا مرکز بننے والی ایران اور امریکہ کے درمیان اہم امن مذاکرات پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں شروع ہو گئے ہیں۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اعلان کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان طے شدہ شرائط کے باعث مذاکرات مقررہ وقت سے تقریباً پانچ گھنٹے تاخیر سے شروع ہوئے۔ اطلاعات کے مطابق مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے درمیان ایران اور امریکہ نے دو ہفتوں کی جنگ بندی کے دوران بات چیت کا آغاز کیا ہے۔ اسلامی انقلاب کے بعد یہ پہلا موقع ہے جب دونوں ممالک کے اعلیٰ نمائندے براہ راست سفارتی مذاکرات میں شریک ہوئے ہیں۔ امریکی وفد کی قیادت نائب صدر جے ڈی وینس، جیرڈ کشنر اور خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف کر رہے ہیں، جبکہ ایرانی وفد میں پارلیمنٹ اسپیکر محمد باقر قالیباف اور وزیر خارجہ سید عباس عراقچی شامل ہیں۔ اس اہم ملاقات میں پاکستان کی جانب سے وزیر اعظم اور فوجی قیادت ثالثی کا کردار ادا کر رہی ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کی نیت اور سنجیدگی کا اندازہ جلد ہو جائے گا، جبکہ آبنائے ہرمز کے کھلنے اور تیل کی ترسیل کے متبادل راستوں پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر مذاکرات ناکام ہوئے تو امریکہ مزید سخت کارروائی کے لیے تیار ہے۔ اب یہ دیکھنا باقی ہے کہ آیا یہ بات چیت جنگ بندی کو طول دے گی یا خطے میں جاری کشیدگی کا مستقل حل نکالنے میں کامیاب ہوگی، جس پر عالمی برادری کی نظریں مرکوز ہیں۔ ز

## مغربی بنگال میں یوسی سی نافذ کرنے مودی کا اعلان

نئی دہلی ۔ 11/اپریل (ایجنسی) وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال میں ہونے والے 2026 اسمبلی انتخابات سے قبل اپنی انتخابی مہم کو تیز کرتے ہوئے یونیفارم سول کوڈ (UCC) نافذ کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی ریاست میں "مصالحتی سیاست" کا خاتمہ کرے گی اور بنگالیوں کو اقلیت میں تبدیل نہیں ہونے دے گی۔ مرشد آباد کے جنگی پور میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ یہ انتخابات مغربی بنگال کی شناخت اور مستقبل کو بچانے کی لڑائی ہیں۔ انہوں نے حکمران All India Trinamool Congress (ٹی ایم سی) پر الزام لگایا کہ وہ دراندازوں اور ووٹ بینک کی سیاست کے سہارے اقتدار میں رہنا چاہتی ہے۔ مودی نے کہا کہ قومی سلامتی بی جے پی کی اولین ترجیح ہے اور پارٹی ریاست میں یوسی سی نافذ کر کے امتیازی سیاست کو ہمیشہ کے لیے ختم کرے گی۔ یہ بیان ایک دن بعد آیا جب مرکزی وزیر داخلہ Amit Shah نے پارٹی منشور جاری کرتے ہوئے چھ ماہ کے اندر یوسی سی نافذ کرنے کا وعدہ کیا تھا۔

## وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کی ابوظہبی آمد

### بھارت۔ یواے ای شراکت داری مزید مضبوط بنانے پر زور



ابوظہبی۔ 11 اپریل (ایم این این) بھارت کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سرکاری دورے پر متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظہبی پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ رپورٹس کے مطابق، یہ دورہ 11 سے 12 اپریل تک جاری رہے گا جس کے دوران دونوں ممالک کے درمیان جاری تعاون کا جائزہ لیا جائے گا اور جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر بات چیت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق، ملاقاتوں میں تجارت، توانائی، اور علاقائی صورتحال سمیت اہم امور زیر غور آئیں گے، خاص طور پر ایسے وقت میں جب مغربی ایشیا میں بدلتی ہوئی صورتحال عالمی سطح پر اثر ڈال رہی ہے۔ بھارت اور یواے ای کے درمیان اقتصادی تعلقات میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے کو ملا ہے، جہاں دونوں ممالک نے 2032 تک دوطرفہ تجارت کو 200 ارب ڈالر تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔

## ہندوستان اور امریکہ نے 2026 کیلئے دوطرفہ ایجنڈا

واشنگٹن ڈی سی ۔11 اپریل (ایم این این) سکریٹری خارجہ وکرم مصری نے جمعہ کو (مقامی وقت کے مطابق) امریکہ کے نائب وزیر خارجہ کرسٹوفر لنڈاو کے ساتھ آنے والی اعلی سطحی ہندوستان-امریکہ مصروفیات پر بات چیت کی۔ وزارت خارجہ کے سرکاری ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ مصری اور لنڈاو نے آنے والے سال کے مکمل دوطرفہ ایجنڈے کا جائزہ لیا۔ امریکی انڈر سیکرٹری آف اسٹیٹ برائے اقتصادی امور جیکب ہیلبرگ نے مصری کے ساتھ اپنی ملاقات پر خوشی کا اظہار کیا، تجارت، توانائی کے تعاون اور مصنوعی ذہانت میں جدت کی حامی پالیسیوں کو آگے بڑھانے پر بات چیت کو اجاگر کیا۔ دریں اثنا، مصری، جو واشنگٹن کے تین روزہ دورے پر تھے، نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ "نتیجہ خیز "ملاقات کی، جو اگلے مہینے ہندوستان کا دورہ کرنے والے تھے۔ قبل ازیں، مصری نے ریاستہائے متحدہ کے سینئر حکام کے ساتھ اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کی ایک سیریز میں مصروف، مغربی ایشیا اور ہند-بحرالکاہل کے خطے کے غیر مستحکم حالات پر توجہ مرکوز کی، جبکہ دونوں ممالک کے درمیان دفاعی اور تجارتی تعلقات کے اہم پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا۔ سیکرٹری خارجہ کے سفرنامے میں انڈر سیکرٹری برائے جنگ برائے پالیسی ایلبرج کولبی کے ساتھ پینٹاگون میں اہم بات چیت شامل تھی۔ یہ انکاونٹر دوطرفہ دفاعی شراکت داری کو آگے بڑھانے کے لیے کولبی کے گزشتہ ماہ ہندوستان کے دورے کے بعد، انڈیا-امریکی دفاعی پالیسی گروپ کی میٹنگ کے دوران نئی دہلی میں ان کی حالیہ بات چیت کے بعد ہوا۔

Suraj Bhan
Gems & Jewellers
Yesterday's 22ct Gold Rate
Rs. 1,40,100/-
For 10 gram Rate
NAMAZ TIMING

| Namaz is a Pillar of Islam | ZOHAR | ASAR | MAGHRIB | ISHAA | TOMORROWS FAJAR |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| STARTS | 12:22 | 4:33 | 6:26 | 7:34 | 5:03 |

Suraj Bhan
Gems & Jewellers
21-2-82, Gulzar Houz, Hyd.
040-66147553
040-24411553
8341340473